جی 20 وزرائے خارجہ کے اجلاس کے لیے ایم او ایس شری وی مرلیدھرن کا برازیل کا دورہ

19 فروری، 2024

خارجہ امور اور پارلیمانی امور کے وزیر مملکت جناب وی مرلی دھرن 21-22 فروری 2024 کو ریو ڈی جنیرو میں جی20 وزرائے خارجہ اجلاس (FMM) میں ہندوستان کی نمائندگی کریں گے۔ G20 وزرائے خارجہ 2012 سے ایک گروپ کے طور پر میٹنگ کر رہے ہیں، اور ریو میں ایف ایم ایم اس کی 10ویں میٹنگ ہوگی۔ برسوں سے جی 20 ایف ایم ایم کی اہمیت میں اضافہ ہوا ہے اور یہ جی20 اراکین کے درمیان مختلف بین الاقوامی مسائل اور مشترکہ تشویش کے متعلقہ معاملات پر بات چیت کے لیے ایک قابل قدر فورم بن گیا ہے۔

برازیل نے مورخہ 1 دسمبر 2023 کو ہندوستان سے جی20 کی صدارت کا عہدہ لیا، اور G20 FMM برازیل کی صدارت کے تحت پہلی وزارء سطح کی میٹنگ ہوگی۔

ہندوستان اس وقت برازیل اور جنوبی افریقہ کے ساتھ مل کر G20 ٹرائکا کا رکن ہے، اور اس نے 'ایک منصفانہ دنیا اور ایک پائیدار سیارے کی تعمیر' کے موضوع کے تحت، برازیل کی جی20 ترجیحات کے لیے اپنی حمایت کا اظہار کیا ہے، یعنی (i) سماجی شمولیت اور بھوک اور غربت کے خلاف لڑائی؛ (ii) توانائی کی منتقلی اور پائیدار ترقی؛ اور (iii) عالمی گورننس میں اصلاحات۔ ہندوستان کی جی20 صدارت کے تمام ورکنگ گروپس اور میکانزم برازیل کی صدارت کے تحت بھی کام کر رہے ہیں۔ برازیل کی جانب سے خواتین کو بااختیار بنانے پر ایک نیا ورکنگ گروپ اور ایک نیا انگیجمنٹ گروپ "جوڈیشری 20" بھی شامل کیا گیا ہے۔

اپنے دورے کے دوران مملکتی وزیر جناب مرلی دھرن ایف ایم ایم کی دونوں نشستوں میں شامل ہوں گے۔ پہلی نشست کا موضوع ہے "بین الاقوامی سطح پر جاری تناؤ سے نپٹنے میں جی 20 کا کردار"، اور "گلوبل گورننس ریفارم" ہے۔ وہ 22 فروری 2024 کو ہندوستان-برازیل-جنوبی افریقہ (IBSA) وزرائے خارجہ کی ہونے والے اجلاس میں بھی شرکت کریں گے۔ FMM کے موقع پر، وہ گلوبل ساؤتھ کے پارٹنر ممالک کے ساتھ دو طرفہ اجلاس بھی منعقد کریں گے۔

نئی دہلی
19 فروری، 2024